| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 5 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| باب سوم: سیرتِ طیبہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: میثاقِ مدینہ |
| --- | --- |

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- میثاقِ مدینہ سے متعارف ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں ہجرتِ مدینہ کے بعد مسلمانوں کو امن و سکون نصیب ہوا تو حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے مدینہ منورہ میں اسلامی معاشرے کی بنیاد رکھی۔ آپ خاتم النبیین ﷺ نے سب سے پہلے غیر مسلموں کے ساتھ اپنے تعلقات قائم کرنے کی طرف توجہ دی۔ جس کے نتیجے میں مسلمانوں اور یہودیوں کے درمیان ایک تحریری معاہدہ ہوا، جسے ''میثاقِ مدینہ'' کہتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۴۵ متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو ''میثاقِ مدینہ'' کا پس منظر بتائیں جب نبی خاتم النبیین ﷺ مدینہ تشریف لائے تو یہاں موجود قبائل ''اوس'' اور ''خزرج'' ایک دوسرے کے دشمن تھے۔ ان کی دشمنی کو ہوا دینے میں مدینہ کے یہودیوں کا ہاتھ تھا۔ چنانچہ انھوں نے پوشیدہ طور پر اسلام کی مخالفت شروع کر دی۔ مدینہ منورہ آنے کے بعد مسلمانوں کو آزادنہ زندگی بسر کرنے کا موقع ملا۔ لیکن یہود کے طرزِ عمل نے مسلمانوں کو چوکنا کر دیا۔ اس صورتحال میں نبی خاتم النبیین ﷺ نے مواخات قائم کرنے کے بعد مسلمانوں اور مختلف قبائل کے درمیان ایک تحریری معاہدہ کرایا، جسے ''میثاقِ مدینہ'' کہتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں معاہدے کی چند وجوہات تھیں۔ جن میں مدینہ منورہ میں امن کا قیام اسلام کی نشر و اشاعت اور یہودیوں کی سازش کا سدِّباب کرنا تھا۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| دستور | دَس۔تور | رسم و رواج |
| رواداری | رَواداری | سبھی مذاہب کی تعظیم و احترام |
| بُغض | بُغُض | نفرت |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (ا) کے جواب طلبہ سے زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

میثاقِ مدینہ کی ضرورت و اہمیت کے حوالے سے کمرا جماعت میں گفت گو کریں۔

| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 5 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب سوم: سیرتِ طیبہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: میثاقِ نبوی |
| --- | --- |

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- میثاقِ مدینہ کی نمایاں دفعات اور پس منظر سے واقف ہو سکیں۔
- میثاقِ مدینہ کی اہمیت اور اس کے نیتجے میں حاصل ہونے والے فوائد کو جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی مدینہ تشریف آوری کے بعد یہاں کے حالات یکسر بدل گئے۔ اوس اور خزرج قبائل کے اکثر لوگوں نے اسلام قبول کر لیا۔ انصار اور مہاجرین کے رشتے نے مسلمانوں کی طاقت میں اضافہ کر دیا۔ اسلامی ریاست پوری طاقت سے اُبھرنے لگی۔ ان حالات نے یہودیوں کو خوف زدہ کر دیا لہٰذا وہ مسلمانوں کے خلاف سازشیں کرنے لگے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۴۶ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں میثاقِ مدینہ کو پہلا "بین الاقوامی" تحریری دستور بھی کہا جاتا ہے۔ میثاقِ مدینہ کی کل ۴۷ دفعات تھیں۔ جن میں چند دفعات درج ذیل ہیں:
  - مدینہ منورہ کے تمام قبائل امن سے رہیں گے۔
  - مدینہ منورہ میں آباد مسلمان اور یہودی اپنے اپنے مذاہب پر عمل پیرا ہوں گے۔
  - مظلوم کی مدد کی جائے گی۔
  - جنگ کی صورت میں دونوں فریق مل کر اخراجات برداشت کریں گے۔

- ○ کسی بھی اختلاف یا جھگڑے کی صورت میں حتمی فیصلہ حضور نبی خاتم النبیین ﷺ جسے فریقین تسلیم کریں گے۔
- ○ طلبہ کو ان تمام نکات کی بلند خوانی کرائیں اور ساتھ ہی اس معاہدے سے حاصل ہونے والے فوائد و ثمرات سے بھی آگاہ کریں۔
- انھیں بتائیں یہ معاہدہ مدینہ میں ایک آزاد اسلامی ریاست کی بنیاد ثابت ہوا۔ ریاست کا سربراہ حضور نبی خاتم النبیین ﷺ کو تسلیم کیا گیا۔ اسلام کی اشاعت اور تبلیغ کے لیے راستہ ہموار ہوا۔ مدینہ منورہ کا اندرونی اور بیرونی دفاع مضبوط ہوا۔ مختصر یہ کہ میثاقِ مدینہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ اسلام امن و سلامتی کا دین ہے۔ یہ میثاق تاریخ کی اہم دستاویزات میں شامل ہے اس معاہدے سے دیگر اقوام کے مذہبی ،معاشی اور معاشرتی حقوق کو تسلیم کیا گیا۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ: 5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| حتمی فیصلہ | حت۔ می۔ فَیصَلہ | مستقل فیصلہ |
| قیادت | قِ۔ یا۔ دَت | رہنمائی |
| دفاع کرنا | دِ۔ فاع۔ کرنا | حفاظت یا بچاؤ کرنا |

**اعادہ: 2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ: 6منٹ**

مشق جزو(ا) کے سوالات کے جوابات طلبہ سے سنیں۔

**گھر کا کام: 2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ: 5منٹ**

میثاقِ مدینہ کے اہم نکات چارٹ پیپر پر لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

**سوال 1: خالی جگہ پُر کریں۔**

۱۔ مدینہ منورہ کے ____________ ایک دوسرے سے لڑائی نہیں کریں گے۔

۲۔ مواخاتِ مدینہ کے بعد ____________ کا طے پانا دوسرا بڑا قدم تھا۔

۳۔ میثاقِ مدینہ میں طے پایا کہ دونوں فریق مل کر جنگ کے ____________ برداشت کریں گے۔

۴۔ یہودی قبائل کی حمایت سے ____________ کا اندرونی اور بیرونی دفاع زیادہ مضبوط ہوا۔

**سوال 2: درست جواب پر دائرہ لگائیں۔**

۱۔ ’’میثاق‘‘ لفظ ہے:

(الف) عبرانی زبان کا (ب) فارسی زبان کا (ج) عربی زبان کا (د) اُردو زبان کا

۲۔ اُوس اور خزرج آباد تھے:

(الف) مدینہ منورہ میں (ب) مکّہ مکرمہ میں

(ج) مدینہ منورہ کے مضافات میں (د) فلسطین میں

۳۔ کسی اختلاف یا جھگڑے کے حتمی فیصلے کا اختیار دیا گیا:

(الف) انصار کو (ب) حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو

(ج) قبائل کے سرداروں کو (د) اہلِ مکّہ کو

۴۔ میثاقِ مدینہ سے اشاعتِ اسلام کا راستہ ہو گیا:

(الف) ہموار (ب) محدود (ج) مشکل (د) پُر خطر

**سوال نمبر 3: میثاقِ مدینہ کے ثمرات واثرات بیان کریں۔**

____________________________________________

____________________________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 5 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: سیرت طیبہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | اسباق کا نام: ہجرتِ مدینہ، مواخاتِ مدینہ، مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ، میثاقِ مدینہ |

## حاصلاتِ تعلّم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ہجرت کا معنی و مفہوم سمجھ سکیں۔
- ہجرتِ مدینہ کے تناظر میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے کردار اور امانتوں کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- ہجرتِ مدینہ کے واقعات، اسباب اور نتائج مختصر طور پر جان سکیں۔
- دعوتِ دین میں حکمت و دانائی کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- ہجرتِ مدینہ کے حوالے سے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کردار کے متعلق جان سکیں۔
- مواخاتِ مدینہ کے معنی و مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔
- مواخاتِ مدینہ کے تناظر میں اخوت اور بھائی چارہ کے تصور کو سمجھ سکیں۔
- مہاجرین اور انصار کے بارے میں جان سکیں اور مواخاتِ مدینہ کی دائمی اہمیت کو جان سکیں۔
- معاشرے میں مواخات اور بھائی چارے کے فوائد اور اس سے مرتب ہونے والے اثرات سے آگاہ ہو سکیں۔
- مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ سے متعارف ہو سکیں۔
- مسجدِ نبوی ﷺ کی تعمیر کے متعلق جان سکیں۔
- مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کی تعلیمی و معاشرتی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کی فضیلت اور تاریخی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- روضہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے حوالے سے مسجدِ نبوی خاتم النبیین ﷺ کی اہمیت جان سکیں۔
- میثاقِ مدینہ سے متعارف ہو سکیں۔
- میثاقِ مدینہ کی نمایاں دفعات اور پس منظر سے واقف ہو سکیں۔
- میثاقِ مدینہ کی اہمیت اور اس کے نتیجے میں حاصل ہونے والے فوائد کو جان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

## طریقہ تدریس: 5 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو باب سوم: سیرتِ طیبہ خاتم النبیین ﷺ کی دہرائی کروائیں۔

- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو حل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو بآواز بلند پڑھیں اور پھر انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھ اور سمجھ کر جواب دیں۔

**اعادہ:** **15 منٹ**

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

**سوال 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

۱۔ اسلام کی پہلی مسجد تعمیر ہوئی:

(الف) مدینہ منورہ میں (ب) طائف میں (ج) قبا کے مقام پر (د) عراق میں

۲۔ انصار کا پیشہ تھا:

(الف) کاشت کاری (ب) درآمد برآمد کرنا (ج) تجارت (د) غلہ بانی

۳۔ حضرت سہل اور سہیل رضی اللہ تعالیٰ عنہم تھے:

(الف) دو یتیم بھائی (ب) مدینہ منورہ کے سردار

(ج) اصحاب صفہ (د) فلسطین کے سردار

۴۔ "میثاق" لفظ ہے:

(الف) عبرانی زبان کا (ب) فارسی زبان کا (ج) عربی زبان کا (د) اُردو زبان کا

۵۔ میثاقِ مدینہ سے اسلام کا راستہ ہو گیا:

(الف) ہموار (ب) محدود (ج) مشکل (د) پُر خطر

**سوال 2: دیے ہوئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔**

۱۔ اصحاب صفہ سے کیا مراد ہے؟

______________________________

______________________________

۲۔ مواخاتِ مدینہ کی ضرورت کیوں پیش آئی؟

______________________________

______________________________

۳۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو "یارِ غار" کیوں کہا جاتا ہے۔

______________________________

______________________________

۴۔ میثاقِ مدینہ کن فریقوں کے درمیان ہوا؟

سوال نمبر 3: ہجرتِ مدینہ کی اہم وجوہات بیان کریں۔

سوال نمبر 4: میثاقِ مدینہ کے اہم نکات تحریر کریں۔